پریس ریلیز

گوجرانوالہ 14 اکتوبر 2023ء

ڈاکٹر فیاض احمد رانجا ممبر ایڈوائزری کمیٹی وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا ہے کہ ٹیکس محتسب کا ادارہ جس مقصد کیلئے قائم کیا گیا تھا یہ ادارہ بڑی کامیابی سے درخواست گزاروں کے مسائل حل کر کے ان کیلئے آسانیاں پیدا کر رہا ہے۔ درخواست گزار صرف سادہ کاغذ یا ہماری SMS سروس پر اپنی شکایت درج کروائیں۔ ہم شکایت کنندہ کا ہر طرح سے تحفظ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سیمینار کے انعقاد کا مقصد بھی یہی ہے کہ بزنس کمیونٹی کو آگاہی فراہم کی جائے ٹیکس محتسب ادارہ ٹیکسز کے حوالے سے کس طرح کاروباری لوگوں کا تحفظ کرتا ہے۔ پاکستان میں پرائیویٹ سیکٹر کو پروموٹ، انڈسٹری کو تحفظ اور سرمایہ کاری کے عمل کو بڑھانے کیلئے ادارہ وفاقی ٹیکس محتسب اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ایف بی آر میں پائی جانے والی قانونی پیچیدگیوں، بدانتظامی کو ختم اور ٹیکس کی ادائیگی کے عمل کو شفاف بنایا جا رہا ہے وفاقی ٹیکس محتسب نے از خود نوٹس کا اختیار استعمال کرتے ہوئے لاکھوں زیر التوا کیسز کو نمٹایا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایک اجلاس سے خطاب کے دوران کیا جس کی صدارت شیخ فیصل ایوب نے کی۔ انہوں نے بتایا کہ بزنس کمیونٹی کی سہولت کیلئے گوجرانوالہ سمیت آٹھ بڑے شہریوں میں فیڈرل ٹیکس محتسب کے کیمپ آفسز کام کر رہے ہیں جن کے قیام کا مقصد لوگوں کی شکایات ان کی دہلیز پر ہی حل کرنا ہے۔ قبل ازیں شیخ فیصل ایوب صدر چیمبر نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے فوری حل کیلئے تجاویز پیش کیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کی آگاہی کیلئے وفاقی ٹیکس محتسب کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بزنس کمیونٹی کی راہنمائی کیلئے سیمینار کا انعقاد گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں کیا۔